[-AS. **INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY**]

A

BILL

*to amend the Mutual Legal Assistance (Criminal Matters) Act, 2020*

**WHEREAS** it is expedient to amend the Mutual Legal Assistance (Criminal Matters) Act, 2020 (Act XXII of 2020), for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.**—(1) This Act shall be called the Mutual Legal Assistance (Criminal Matters) (Amendment) Act, 2021.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 2, Act XXII of 2020.**— In the Mutual Legal Assistance (Criminal Matters) Act, 2020 (Act XXII of 2020), hereinafter referred to as the said Act, in section 2,—

(i) for clause (c), the following shall be substituted, namely:-

"(c) "central authority" means the secretary to the Ministry of Interior, Government of the Islamic Republic of Pakistan;";

(ii) in clause (i), for the word "after", the words "or for the property derived or obtained directly or indirectly from the offence of money laundering or property of corresponding value whether or not the order is based on", shall be substituted."; and

(iii) for clause (*l*), the following shall be substituted, namely:-

"(*l*) "criminal offence" means an offence punishable under the Pakistan Penal Code (Act XLV of 1860) or under any law for the time being in force in Pakistan or an offence against law of a foreign country which is subject matter of mutual legal assistance arrangements;".

3. **Amendment of section 4, Act XXII of 2020.**— In the said Act, in section 4,—

(i) after sub-section (1), the following new sub-section shall be inserted, namely:-

"(1A) All the request of mutual legal assistance shall be processed and decided by the central authority expeditiously."; and

(ii) in sub-section (2),—

(a) in clause (a), for the word "offence", the word "matter" shall be substituted; and

(b) in clause (b), for the word "offence", the word "matter" shall be substituted.

4. **Amendment of section 5, Act XXII of 2020.**— In the said Act, in section 5, in sub-section (1), for the colon, a full-stop shall be substituted and thereafter the existing proviso shall be omitted.

5. **Amendment of section 8, Act XXII of 2020.**— In the said Act, in section 8, in sub-section (1), for the words "investigations commenced or proceedings instituted", the words "criminal matters", shall be substituted.

6. **Amendment of section 17, Act XXII of 2020.**— In the said Act, in section 17, in sub-section (1), clause (d) shall be omitted.

7. **Amendment of section 18, Act XXII of 2020.**— In the said Act, in section 18, in sub-section (1), for the words "Unless otherwise authorized by law", the words "Under the said Act", shall be substituted.

No. 4/12/2009-Law
GOVERNMENT OF PAKISTAN
MINISTRY OF INTERIOR
****

Islamabad, the June, 2021

**STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS**

**Subject: AMENDMENT IN MUTUAL LEGAL ASSISTANCE (CRIMINAL MATTER) AMENDMENT) ACT, 2021.**

Increase in transnational organized crime has made it necessary for international community and Pakistan to improve effectiveness of legal instruments. Lack of uniformity in law and weak coordination mechanism between countries affects combating of crimes across borders. In order to overcome these challenges, essential legal cover was required. International cooperation in criminal matters through mutual legal assistance and extradition is intended to bridge existing gaps in respective countries toward effective law enforcement. The requested state will provide mutual legal support to the requesting state by executing necessary actions on its territory in any specific criminal case warranting shared assistance.

Sh. Rashid Ahmed

**(Sheikh Rashid Ahmed)**
Minister of Interior

[قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے لئے]

# باہمی قانونی معاونت (فوجداری معاملات) ایکٹ، ۲۰۲۰ء
# میں ترمیم کرنے کا بل

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعدازیں رونما ہونے والی اغراض کے لئے، باہمی قانونی معاونت (فوجداری معاملات) ایکٹ، ۲۰۲۰ء (ایکٹ ۲۲ بابت ۲۰۲۰ء) میں ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسبِ ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

ا۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (ا) یہ ایکٹ باہمی قانونی معاونت (فوجداری معاملات) (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۱ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۲۲ بابت ۲۰۲۰ء کی دفعہ ۲ کی، ترمیم:۔** باہمی قانونی معاونت (فوجداری معاملات) ایکٹ ۲۰۲۰ء (ایکٹ نمبر ۲۲ بابت ۲۰۲۰ء) میں، بعدازیں جس کا حوالہ مذکورہ ایکٹ کے طور پر دیا گیا ہے، کی دفعہ ۲ میں،۔۔۔

(اوّل) شق (ج) میں حسب ذیل کو تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(ج) ''مرکزی اتھارٹی'' سے اسلامی جمہوریہ پاکستان کی وزارت داخلہ کا سیکرٹری مراد ہے؛''؛

(دوم) شق (اوّل) میں، لفظ ''بعد'' کو الفاظ ''یا جائیداد کے لئے جو بلاواسطہ یا بلواسطہ تطہیر زر کے جرم سے اخذ یا حاصل کی گئی ہو یا متطابق قیمت کی جائیداد خواہ حکم اس کی بنیاد پر ہو یا نہ ہو''، سے تبدیل کر دیا جائے گا۔''؛ اور

(سوم) شق (ل) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(ل) ''فوجداری جرم'' سے ایسا جرم مراد ہے جو مجموعہ تعزیرات پاکستان (ایکٹ ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) یا پاکستان میں نافذ العمل کسی بھی قانون کے تحت یا کسی غیر ملکی قانون کے خلاف جرم ہو جو کہ باہمی قانونی معاونت کے انتظامات کی شئے متنازع ہے؛''۔

۳۔ **ایکٹ نمبر۲۲ بابت ۲۰۲۰ء کی، دفعہ۴ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ کی، دفعہ۴ میں،۔۔۔

(اوّل) ذیلی دفعہ(۱) کے بعد، حسب ذیل نئی ذیلی دفعہ شامل کردی جائے گی، یعنی:۔

''(۱ الف) مرکزی اتھارٹی کی جانب سے باہمی قانونی معاونت کی تمام استدعا کی بہ عجلت کارروائی کی جائے گی اور اس کا فیصلہ کیا جائے گا۔''؛اور

(دوم) ذیلی دفعہ(۲) میں،۔۔۔

(الف) شق (الف) میں، لفظ''جرم''، کو لفظ''معاملہ'' سے تبدیل کردیا جائے گا؛اور

(ب) شق (ب) میں، لفظ''جرم''، کو لفظ''معاملہ'' سے تبدیل کردیا جائے گا۔

۴۔ **ایکٹ نمبر۲۲ بابت ۲۰۲۰ء کی، دفعہ۵ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۵ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، رابطہ کو، ختمہ سے تبدیل کردیا جائے گا اور اس کے بعد موجودہ فقرہ شرطیہ کو حذف کردیا جائے گا۔

۵۔ **ایکٹ نمبر۲۲ بابت ۲۰۲۰ء کی، دفعہ۸ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۸ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، الفاظ''تحقیقات کے آغاز یا کارروائیوں کے شروع کرنے'' کو، الفاظ''فوجداری معاملات'' سے تبدیل کردیا جائے گا۔

۶۔ **ایکٹ نمبر۲۲ بابت ۲۰۲۰ء کی، دفعہ۱۷ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۷ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، شق (د) حذف کردی جائے گی۔

۷۔ **ایکٹ نمبر۲۲ بابت ۲۰۲۰ء کی، دفعہ۱۸ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۸ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، الفاظ''بجز اس کے کہ بصورت دیگر قانون کی جانب سے مجاز کیا گیا ہو'' کو، الفاظ''مذکورہ ایکٹ کے تحت'' سے تبدیل کردیا جائے گا۔

---

# بیان اغراض ووجوہ

موضوع: باہمی قانونی معاونت (فوجداری معاملات) (ترمیمی) ایکٹ ۲۰۲۱ء میں ترمیم

کثیرالملکتی منظم جرائم میں اضافے نے قانونی دستاویزات میں مؤثریت کے فروغ کو بین الاقوامی برادری اور پاکستان کے لیے ناگزیر بنا دیا ہے۔ ممالک کے مابین قانون میں یکسانیت کا فقدان اور کمزور ہم آہنگی، سرحدوں سے باہر جرم کا مقابلہ کرنے پر اثر انداز ہوتی ہے۔ ان دشواریوں پر قابو پانے کے لیے، لازماً قانونی احاطہ درکار تھا۔ فوجداری معاملات میں باہمی قانونی معاونت اور تحویل ملزمان کے ذریعے سے مؤثر نفاذِ قانون کی جانب سے متعلقہ ممالک میں بین الاقوامی تعاون موجودہ فاصلے مٹانے کا منشاء رکھتا ہے۔ درخواست لینے والی ریاست کسی بھی مخصوص فوجداری مقدمات میں جو شراکتی معاونت کا اختیار دے رہے ہوں گے، اس کے اپنے علاقے میں ضروری کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے، درخواست کرنے والی ریاست کو باہمی قانونی سہولت فراہم کرے گی۔

(شیخ رشید احمد)

وزیر داخلہ